صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز بدھ مورخہ 10 اگست 2016ء بمطابق 6 ذیقعد 1437 ہجری بعد از دوپہر تین بجکر دس منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب سپیکر، اسد قیصر مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیۡطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیمِ۔

فَإِذَا جَآءَتِ الطَّآمَّةُ الۡكُبۡرَىٰO يَوۡمَ يَتَذَكَّرُ الۡإِنسَـٰنُ مَا سَعَىٰO وَبُرِّزَتِ الۡجَحِيمُ لِمَن يَرَىٰO فَأَمَّا مَن طَغَىٰO وَءَاثَرَ الۡحَيَوٰةَ الدُّنۡيَاO فَإِنَّ الۡجَحِيمَ هِىَ الۡمَأۡوَىٰO وَأَمَّا مَنۡ خَافَ مَقَامَ رَبِّهِۦ وَنَهَى النَّفۡسَ عَنِ الۡهَوَىٰO فَإِنَّ الۡجَنَّةَ هِىَ الۡمَأۡوَىٰ۔

(ترجمہ): تو جب بڑی آفت آئے گی۔ اس دن انسان اپنے کاموں کو یاد کرے گا۔ اور دوزخ دیکھنے والے کے سامنے نکال کر رکھ دی جائے گی۔ تو جس نے سرکشی کی۔ اور دنیا کی زندگی کو مقدم سمجھا۔ اس کا ٹھکانہ دوزخ ہے۔ اور جو اپنے پروردگار کے سامنے کھڑے ہونے سے ڈرتا اور جی کو خواہشوں سے روکتا رہا۔ اس کا ٹھکانہ بہشت ہے۔ وآخِرُ الدَعْوَانا أَنِ الۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِینَ۔

اراکین کی رخصت

جناب سپیکر: یہ چھٹی کی درخواستیں ہیں،اس کے بعد آپ موؤ کریں، صرف یہ چھٹی کی درخواستیں ہیں:
سردار محمد ادریس10اگست، میڈم نادیہ شیر خان، شکیل احمد، فیڈرک عظیم غوری10تا11اگست، اکبر ایوب خان10اگست، اعظم خان درانی10اگست، سردار اکرام اللہ گنڈاپور، الحاج صالح محمد، جمشید خان مہمند، افتخار علی مشوانی، میڈم دینہ ناز، شہرام خان ترکئی10تا11اگست۔ منظور ہیں جی؟

(تحریک منظور کی گئی)

جناب سپیکر: جی، منور خان صاحب! پلیز۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: تھینک یو، سر۔ سر! ایک ریکویسٹ تھی کہ کافی عرصہ ہوا کہ کوئی پرائیویٹ ممبر ڈے نہیں آیا تو اس سلسلے میں آپ سے ریکویسٹ ہے کہ کل کیلئے اگر پرائیویٹ ممبر ڈے اناؤنس کیا جائے اور ہاؤس سے پوچھا جائے تو یہ سر، کافی وہ پڑی ہوئی ہیں، تو اس سلسلے میں اگر آپ اناؤنس کریں۔

جناب سپیکر: کل تو چونکہ ایجنڈا ہمارے پاس ابھی، ابھی میں دیکھوں گا، Friday کو ان شاءاللہ تعالیٰ آپ، Friday کو ہم پرائیویٹ ممبر ڈے کرلیں گے اور اس کے ساتھ گورنمنٹ بزنس بھی لے لیں گے اور دونوں، جو پرائیویٹ ممبر ڈے ہے۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: تھینک یو سر، تھینک یو، تھینک یو سر، تھینک یو سر۔

جناب سپیکر: Friday کو، اوکے جی، 'کوئسچنز آور' ملک ریاض خان، سوال نمبر3579، جناب محمد علی، سوال نمبر3532، مولانا مفتی فضل غفور، سوال نمبر3568، (موجود نہیں)۔ محترمہ نجمہ شاہین، سوال نمبر 3461۔

نشانزدہ سوالات اور ان کے جوابات

جناب سپیکر: محترمہ نجمہ شاہین سوال نمبر3461۔

* 3568 _ محترمہ نجمہ شاہین: کیا وزیر زکواۃ، اوقاف، حج و مذہبی امور ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع کوہاٹ میں محکمہ کی ملکیت اراضی موجود ہے جس پر کچھ لوگوں کا قبضہ ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ اراضی کو واگزار کرانے کیلئے محکمہ نے کیا اقدامات اٹھائے ہیں، مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب حبیب الرحمان (وزیر زکواۃ، اوقاف، حج و مذہبی): (الف) جی ہاں۔

(ب) ضلع کوہاٹ میں محکمہ اوقاف کی تین کنال چھ مرلہ نوٹیفائیڈ اراضی واقع برلب ہنگو روڈ کوہاٹ سٹی موجود ہے جس پر پیر مقید شاہ نامی شخص کا غیر قانونی قبضہ ہے۔ مذکورہ اراضی کو واگزار کرانے کیلئے محکمہ نے ضلعی انتظامیہ کوہاٹ، ڈی پی او اور ڈسٹرکٹ ناظم کوہاٹ کو کئی بار تعاون کیلئے خطوط جاری کئے ہیں، تاحال اس جائیدا کا قبضہ واگزار کرانے کیلئے کوئی مثبت تعاون نہیں کیا گیا ہے۔

محترمہ نجمہ شاہین: شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ کوسچن نمبر 3461، یہاں پہ ضلع کوہاٹ میں محکمہ اوقاف کی تین کنال چھ مرلہ نوٹیفائیڈ اراضی واقع برلب ہنگو روڈ کوہاٹ سٹی موجود ہے جس پر پیر مقید شاہ نامی شخص کا غیر قانونی قبضہ ہے۔ مذکورہ اراضی کو واگزار کرانے کیلئے محکمہ نے ضلعی انتظامیہ کوہاٹ، ڈی پی او اور ڈسٹرکٹ ناظم کوہاٹ کو کئی بار تعاون کیلئے خطوط جاری کئے ہیں، تاحال اس جائیداد کا قبضہ واگزار کرانے کیلئے کوئی مثبت تعاون نہیں کیا گیا۔

جناب سپیکر صاحب! یہ جو تین کنال چھ مرلہ اراضی ہے، زمین ہے، یہ عین چوک میں اور کوہاٹ سٹی کے اندر ہے۔ جناب سپیکر صاحب، اس پر پچھلے ساٹھ سالوں سے اس گروپ کا قبضہ ہے اور اب اس پر باقاعدہ طور پر دکانیں اور مارکیٹ بن چکی ہے، اس قبضہ کے باوجود، اور یہ وزارت اوقاف، ضلعی انتظامیہ کی ملی بھگت سے، یہ قیمتی پلاٹ قبضہ گروپ کے قبضہ میں چلا گیا ہے۔

جناب سپیکر: لاء منسٹر پلیز۔ اچھا، حبیب الرحمان صاحب۔

وزیر زکواۃ، اوقاف، حج و مذہبی امور: بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ شکریہ جناب سپیکر۔ بہن کی بات بالکل صحیح ہے، یہ 1950، 1952، 1948 سے ساری اوقاف کی جتنی بھی زمینیں ہیں کوہاٹ میں تو بہت کم ہیں، مردان میں تو ہزاروں ایکڑ زمین لوگوں کے قبضے میں ہے لیکن جب میں منسٹر بنا تو میں نے یہ گروپ مخصوص کیا اور میں نے سی ایم صاحب کو درخواست کی کہ ایک کمیٹی بنائی جائے، تو انہوں نے اے سی ایس کی صدارت کے اندر ہزارہ ڈویژن، کوہاٹ ڈویژن، مردان ڈویژن کا یعنی وہاں پر جہاں پہ ڈی آئی خان

ڈویژن، ہم نے ایک میٹنگ 2014ء میں تفصیل سے کی لیکن اس وقت بھی جس طرح جواب میں لکھا گیا ہے انتظامیہ کے امور، اس قسم کے ہمارے ساتھ تعاون کیلئے وہ تیار نہیں تھے لیکن پھر بھی میں دوبارہ سی ایم صاحب سے ملااور ابھی نور سلیم خان جو کہ اوقاف کمیٹی کے چیئرمین ہیں، ایک کوسچین آیا تھااور ہم نے کمیٹی کو ریفر کیا تھا تو پہلی فرصت میں انہوں نے مردان پر فوکس کیا ہے اور پرسوں ہماری میٹنگ ہوئی تھی، یہاں پہ کمشنر مردان بھی آئے تھے، ڈپٹی کمشنر مردان بھی آئے تھے اور ڈی پی او مردان بھی آئے تھے تو انہوں نے ہمیں یقین دہانی کرائی ہے کہ ہم مکمل طور آپ کے ساتھ ہیں، یعنی مسئلہ یہ ہے کہ لوگوں نے، یہاں بہن نے لکھا ہے کہ ساٹھ سال سے قبضہ ہے، جتنے بھی قبضے ہیں، یہ بہت پرانے زمانے سے چلے آرہے ہیں، کچھ کیسز عدالتوں میں ہیں، Litigation میں ہیں، کچھ لوگوں نے پیسے دے کر یہ اب اپنے نام کی ہیں لیکن پہلے ہمارے Pleader بھی اچھے نہیں تھے تو میں نے Pleaders کو تبدیل کرنے کا فیصلہ کیااور ہم نے ابھی نئے Pleaders، قابل وکلاء کیلئے ہم نے کوشش کی ہے، ان کو اپوائنٹ کیا ہے اور پہلی فرصت میں ہم نے مردان کو لیا ہے، پھر اس کے بعد مانسہرہ کو لیں گے کم از کم، وہاں بھی جگہیں زیادہ ہیں۔ اس کے بعد ڈی آئی خان اور چوتھے نمبر پہ کوہاٹ میں اتنی زمین نہیں ہے اس لئے چیئرمین صاحب بھی بیٹھے ہیں، میرا خیال ہے کہ باری باری ہم بلائیں گے اور آخر میں ایک Consolidated report تیار کرکے واگزار کرانے کیلئے کیونکہ صرف مردان میں ہم نے تین ہزار ایک سو دس کنال زمین 2014ء میں سپریم کورٹ کے تھرو جیتی ہے لیکن دو سال میں چونکہ انتظامیہ ساتھ نہیں دے رہی تھی تو ہم اس کی Implementation میں بھی کامیاب نہیں ہوئے ہیں، تو اب ہم نے فیصلہ کیا ہے، میں تو خود ہر وقت تیار ہوں لیکن کمشنر مردان نے ہمیں بالکل یقین دہانی کرائی ہے، پرسوں ہماری یہاں پہ میٹنگ تھی اور ڈی سی او نے، تو مردان کے بعد ان شاءاللہ تعالیٰ وہاں پہ ہزاروں ایکڑ زمین ہے تو ہم اس پر فوکس کرتے ہیں، اس کے بعد۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> یہ کوسچین آپ کمیٹی میں بھیجتے ہیں، اس کمیٹی میں آپ؟

<u>وزیر زکواۃ، اوقاف، حج ومذہبی امور:</u> ٹھیک ہے، اس کمیٹی۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> آپ اس پر Agree کرتے ہیں؟

وزیرزکواۃ،اوقاف،حج ومذہبی امور: یہ صحیح ہے کہ اس میں یہ شامل ہو جائے گا جی۔

جناب سپیکر: چلو ٹھیک ہے۔ جی میڈم!

محترمہ نجمہ شاہین: یہ تو ٹھیک ہے لیکن صرف یہ پوچھنا چاہوں گی کہ اس وقت احتساب کمیشن کہاں ہوتا ہے، ایسے ٹائم پہ؟

جناب سپیکر: نہیں، آپ ابھی مجھے بتائیں، کمیٹی میں بھیجتی ہیں کہ نہیں بھیجتیں؟

محترمہ نجمہ شاہین: مطلب اس پر قبضہ تو کافی عرصہ سے تھا، کافی اس کے، مطلب ہے، ساٹھ سال ہو گئے ہیں، ابھی جونہی یہ موجودہ حکومت آئی ہے، دو سال کے اندر اندر اس کے اوپر ملی بھگت سے کسی پارٹی کے تعاون سے اس پہ یہ دکانیں بن چکی ہیں۔

جناب سپیکر: ٹھیک ہے، آپ کی ڈیمانڈ کیا ہے، ابھی کیا چاہتی ہیں، کمیٹی میں جائے، کیا کیا جائے؟

محترمہ نجمہ شاہین: ہاں جی، کمیٹی میں چلا جائے۔

جناب سپیکر: ٹھیک ہے جی، Agreed, agreed۔

ایک رکن: Agreed۔

جناب سپیکر: ٹھیک ہے جی، بس کمیٹی کو ریفر ہو گیا جی۔

مفتی سید جانان: سر، ھغه سوالونه دی۔

جناب سپیکر: وہ جی Lapse ہو گئے ہیں، پھر ان شاء اللہ تعالیٰ آپ ٹائم پہ آیا کریں۔ آپ کا دوسرا کوئسچن میڈم! 3575, 3575۔

* 3575 _ محترمہ نجمہ شاہین: کیا وزیر صنعت ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبہ میں رجسٹریشن ایکٹ کے تحت دینی مدارس کی رجسٹریشن کی جاتی ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو صوبہ میں کل کتنے دینی مدارس رجسٹرڈ ہیں، ان مدارس کی ضلع وائز لسٹ بمعہ مہتمم کے نام و پتہ و آڈٹ رپورٹ مہیا کی جائے؟

جناب عبدالمنعم (معاون خصوصی برائے صنعت) (جواب وزیر مذہبی امور نے پڑھا): (الف) جی ہاں۔

(ب) آج تک صوبے میں کل 1597 دینی مدارس رجسٹرڈ ہیں، ان رجسٹرڈ مدارس کی ضلع وائز لسٹ بمعہ مہتمم کے نام و پتہ (ایوان کو فراہم کی گئی)، نیز مدارس کی آڈٹ رپورٹ محکمے کی 1597 فائلوں پر محیط ہے، معزز رکن کو جس مدرسے کی آڈٹ رپورٹ درکار ہو، وہ پیش کی جا سکتی ہے۔

محترمہ نجمہ شاہین: کوسچن نمبر 3575، یہاں پر جناب سپیکر صاحب! میں نے مدرسوں کی رجسٹریشن کے بارے میں آڈٹ رپورٹس وغیرہ کے بارے میں پوچھا ہے تو جناب سپیکر صاحب! یہاں پر جواب انہوں نے جو دیا ہے کہ بھئی! دو کی تو مجھے انہوں نے، پشاور اور کوہاٹ کی رپورٹ جو ہے تو وہ دی ہے لیکن میں صرف یہ پوچھنا چاہوں گی کہ ہر سال تمام مدارس اپنا ریکارڈ جو ہے، ان کی فائل وہ جمع کرواتے ہیں لیکن اس کے باوجود، رجسٹریشن کا تو یہاں کہا گیا ہے لیکن ان کو پچھلے چار سالوں سے Renew نہیں کیا جا رہا ہے، اس کی کیا وجہ ہے؟

جناب سپیکر: حبیب الرحمان صاحب۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: سپیکر سر، سپلیمنٹری۔

جناب سپیکر: جی جی، سپلیمنٹری۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: سر! جیسے میڈم نے یہ پوائنٹ اٹھایا ہے رجسٹریشن کے بارے میں، کافی تعداد میں مدرسے ہیں اور ان کی رجسٹریشن کیلئے جو رولز بنائے ہیں، میں منسٹر صاحب کی ذرا توجہ چاہتا ہوں کہ وہ تھوڑا اس کوسچن کی طرف توجہ دیں، ایس پی کے پاس آپ کو جانا پڑے گا اور ایس پی پھر وہ متعلقہ ایس ایچ او کے پاس، لیکن ابھی تک کسی بھی تھانے سے اس کے متعلق رپورٹ نہیں آتی، وہ وہاں پر ان کو پینڈنگ رکھتے ہیں، گورنمنٹ تو یہاں چاہتی ہے کہ جتنے بھی مدرسے ہیں، وہ کم از کم رجسٹرڈ ہو جائیں تاکہ گورنمنٹ کے نالج میں ہو کہ یہاں پر کونسا مدرسہ ہے، رجسٹرڈ ہے یا رجسٹرڈ نہیں؟ ابھی تک تو Without registeration کافی مدرسے کام کر رہے ہیں، تو منسٹر صاحب سے یہ ریکویسٹ ہے کہ یہ طریقہ کم از کم ذرا تھوڑا آسان کر دیں، وہ لیز کے ذریعے اگر آپ ان مدرسوں کو رجسٹر کرتے ہیں تو وہ رپورٹ پھر سالوں میں، جیسے میڈم کہہ رہی ہیں کہ سالوں میں وہ رپورٹ نہیں بھیجتے تو اس سلسلے میں ریکویسٹ ہے کہ ذرا منسٹر صاحب۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: جناب حبیب الرحمان صاحب۔
جناب منور خان ایڈوکیٹ: اس کا آسان طریقہ کر دیں تاکہ یہ مدرسوں کی رجسٹریشن آسان ہو جائے سر۔
جناب سپیکر: حبیب الرحمان صاحب، پلیز۔
وزیر زکواۃ، اوقاف، حج و مذہبی امور: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ شکریہ جناب سپیکر۔ جہاں تک سوال کا تعلق ہے، یہ انڈسٹری ڈیپارٹمنٹ سے تعلق رکھتا ہے اور رجسٹریشن کا کام انڈسٹری ڈیپارٹمنٹ کا ہے لیکن Any how جو موجودہ صورتحال ہے، اس میں ایک کمیٹی بنی ہے، میں اس کا صدر ہوں، یہ رجسٹریشن کے متعلق، یہ اپیکس کمیٹی نے ایک فیصلہ کیا ہے مگر قانون تبدیل نہیں ہوا ہے، لیجسلیشن کا طریقہ وہی پرانا ہے، اس میں کسی حکومت نے کسی قسم کی، یہ Provincial matter ہے اور صوبے میں رجسٹریشن کے حوالے سے کوئی امنڈمنٹ نہیں کی ہے، پرانے طریقے سے رجسٹریشن چل رہی ہے لیکن اس میں مشکل یہ ہے کہ فیڈرل گورنمنٹ، اپیکس کمیٹی نے اشارتاً یہ فیصلہ کیا تھا کہ رجسٹریشن میں احتیاط برتی جائے۔ اس کے بارے میں ہماری ایک کمیٹی ہے، مفتی سید جانان اس کے مؤور ہیں اور ہم نے اس کمیٹی کو قانون سازی کیلئے ان کو آخری موقع دیا ہے جو انڈسٹری ڈیپارٹمنٹ ہے اور باقی رجسٹریشن پر پابندی حکومت کی طرف سے بالکل نہیں ہے، وہی پرانا سہل اور آسان طریقہ ہے لیکن یہ جو انڈسٹری والے لوگ ہیں، یہ ڈرتے ہیں، وہ مرکزی حکومت کی طرف سے جو ہدایات یعنی وہ حکم نہیں ہے لیکن بین الاقوامی طور پر اور نیشنل حالات جو ہیں پاکستان کے، اس کے تناظر میں وہ ڈرتے ہیں اور بہت سختیاں کرتے ہیں، اس لئے کمیٹی بیٹھی ہے، ان شاء اللہ بہت جلد ہم اس کے بارے میں قانون سازی کر لیں گے اور وہی طریقہ ان شاء اللہ، وہ آسان طریقہ اپنائیں گے۔

Mr. Speaker: Next.

مفتی سید جانان: جناب سپیکر صاحب!
جناب سپیکر: جی جی، آپ کا کوسچین آتا ہے، بس میں آپ کو موقع دیتا ہوں کیونکہ مجھے، اور یہ اس نے کہا ہے کہ کمیٹی بیٹھی ہے اور آپ جو ہے نا باقاعدہ اس میں جائیں۔
مفتی سید جانان: جناب سپیکر صاحب!
جناب سپیکر: جی جی، چلو مفتی صاحب۔

مفتی سید جانان: سپیکرصاحب! منسټرصاحب، حبیب الرحمان صاحب لکه څنګه خبره اوکړله او زمونږ حق کښې ئے خبره اوکړه، یقینی طور باندې تقریباً تقریباً دا یو فارم وو، هغه فارم باندې اعتراضات وو، بیا مونږ کښیناستو او یو کمیټی جوړه شوله خو چې کوم فارم باندې وفاق المدارس او انډسټریز ډیپارټمنټ او منسټر صاحب چې کوم ډیپارټمنټ دغه، مونږ په شریکه باندې یو فیصله اوکړه، یو فارم باندې مو اتفاق اوکړلو چې دا فارم مطلب دا دے د وفاق المدارس هم په دې باندې اتفاق دے او د حکومتی هغه په دې باندې اتفاق دے، هغې نه بعد هغه مونږ اولیږلو چې دې د پاره به مطلب دا دے یو نوې قانون سازی اوشی خو هغه تقریباً تقریباً څلور میاشتې پینځه میاشتې هغه اوشوې، نو زما به دا درخواست وی چې کومې مدرسې دی، هغه زاړه لیول باندې چې کوم په سوّنو کیسونه دلته کښې پراته دی او که دلته کښې ادارې دی، هغه مدرسو والا ته وائی چې هغه رجسټریشن او رجسټریشن مطلب دادے، دلته چې کیسونه راوړی مختلفې بهانې دی، فلانی ځائې ته لاړ شه او دلته لاړ شه، بیا په میاشتو میاشتو باندې کیسونه پراته وی، نو تاسو ته مې دا درخواست دے چې که هم هغې متعلق محکمې ته یو احکامات جاری کړئ، میاشت وی نیمه وی څو ورځې وی چې دا کیس مطلب دادے دلته راوړلے شی او چې دیکښې کوم ضروری قانون سازی وی چې هغه اوکړلے شی۔

جناب سپیکر: منسٹر صاحب، پلیز۔

وزیر زکواۃ، اوقاف، حج و مذہبی امور: مفتی جانان صاحب چې کومه خبره اوکړه، چونکه دا انډر پراسیس ده، په کمیټی کښې ده، مونږه اخرنے دغه په دې باندې دا کړے دے چې لاء ډیپارټمنټ او انډسټری ډیپارټمنټ جوائنټ تاسو مونږ ته یو دغه بل تیار کړئ چې مونږه هغه سفارشات ورکوؤ او هغه د اسمبلئ نه مطلب دا دے چې لکه د نوی دا دوئ چې کوم دغه کوی، وفاق المدارس والا خبره ده کړې ده، په دیکښې چونکه وروستی بار کښې بیا مسئلې پیدا شوې، پنځ بورډونه وو، نو دې وجې نه مونږ مطلب دا دے چې هغوی ته دا ټاسک مونږ ورکړے دے چې تاسو بالکل د ډرافټ په شکل کښې مونږ له یو دغه راوړئ خپل سفارشات، بیا په هغې باندې مونږه هغه کمیټی کښې اصل بحث اوکړو، ان شاء اللّٰه زه به ډیر زر دغه

اجلاس رااؤغواړمه، هغوی ته مونږ دغه ورکړے دے چې تاسو قانون سازی اوکړئ په دیکښې اومونږ ته رپورټ راکړئ۔

جناب سپیکر: او مفتی صاحب، مفتی صاحب هم هغه میټنګ له رااوغواړئ۔

وزیر زکواۃ،اوقاف،حج ومذہبی امور: اؤ، دے پکښې دے کنه۔

جناب سپیکر: مفتی صاحب! ټهیک شوه جی کنه۔

وزیر زکواۃ،اوقاف،حج ومذہبی امور: دے په هغه کمیټئ کښې زمونږ سره دے۔

جناب سپیکر: هغه میټنګ د کمیټئ ته تاسو رااوغواړئ جی، ټهیک شو جی۔ محمد علی، سوال نمبر3532۔(موجود نہیں)۔مفتی فضل غفور،سوال نمبر3568۔(موجود نہیں)۔

غیر نشاندار سوالات اوران کے جوابات

3579 _ ملک ریاض خان: کیاوزیرلیبرارشادفرمائیں گے کہ:

(الف)آیا یہ درست ہے کہ مورخہ 15 اکتوبر 2014ء کو ورکنگ فوکس گرائمر سکول پشاور سے Females downgraded teachersکی ملازمتیں ختم کی گئی ہیں؛

(ب) اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہوتو:

(1) آیایہ بھی درست ہے کہ ان چاراستانیوں میں سے ایک استانی کواعلیٰ افسرکی سفارش پرفراغت کے فوراً بعد بحال کیاگیاتھا؛

(2) آیایہ بھی درست ہے کہ انہی میں سے ایک ڈاؤن گریڈ استانی بغیر بحالی آرڈر کے بورڈ کے ایک اعلیٰ عہدیدار کے کہنے پر بغیر بحالی آرڈر کے باقاعدہ حاضری لگاتی ہے،کلاسیں لیتی ہےاور باقاعدہ تنخواہ بھی لیتی ہے؛

(3) ان چاراستانیوں کوجوکہ باقاعدہ ڈاؤن گریڈ تھیں،کس بنیادپرفارغ کیاگیاتھا؛

(4) اگرچار میں سے دواستانیاں باقاعدہ کام کرتی ہیں تو باقی استانیوں کو کب تک بحال کیا جائے گاتاکہ انصاف کے تقاضے پورے ہوسکیں؟

جناب شاہ فرمان(وزیر محنت): (الف) جی ہاں،یہ درست ہے۔

(ب) (1) نہیں، یہ درست نہیں ہے۔

(2) یہ بھی درست نہیں ہے۔

(3) ان استانیوں کو 76ویں بورڈ میٹنگ کے فیصلے کے تحت فارغ کیا گیا تھا۔

(4) یہ درست نہیں ہے جیسا کہ سوال کے حصہ (ب) میں درج ہے۔

3532 _ جناب محمد علی: کیا وزیر صنعت و حرفت ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ دست ہے کہ PK-92 بارہ یونین کونسلوں پر مشتمل ہے جس کا کل رقبہ تقریباً 150 کلومیٹر ہے؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ ان علاقوں یعنی اتنے بڑے حلقے میں کوئی ٹیکنکل کالج، ووکیشنل سینٹر یا پولی ٹیکنکل انسٹیوٹ نہیں ہے؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو تین سب ڈویژن پر مشتمل اس حلقے میں ابھی تک مذکورہ سینٹر یا انسٹیٹیوٹ کیوں قائم نہیں کیا گیا، نیز محکمہ کب تک ٹیکنکل کالج، ووکیشنل سینٹر یا انسٹیٹیوٹ کی منظوری کا ارادہ رکھتا ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب عبدالمنعم (معاون خصوصی برائے صنعت و حرفت): (الف) جی ہاں، یہ درست ہے۔

(ب) جی ہاں، یہ بھی درست ہے۔

(ج) صدارتی احکامات / نیشنل ووکیشنل ٹریننگ پالیسی کے مطابق صوبے کے ہر ڈسٹرکٹ میں ایک پولی ٹیکنیک اور تحصیل کی سطح پر ایک ووکیشنل سینٹر کا قیام عمل میں لایا جا رہا ہے۔ اسی پالیسی کے تحت صوبے کے بیشتر اضلاع میں پولی ٹیکنیک اور تحصیلوں میں ووکنیشنل سینٹرز قائم کئے گئے ہیں۔ چونکہ مذکورہ حلقے PK-92 کا تعلق ڈسٹرکٹ اپر دیر سے ہے اس لئے یہ وضاحت کی جاتی ہے کہ وہاں پر پہلے سے واڑی کے مقام پر پولی ٹیکنیک انسٹیٹیوٹ کام کر رہا ہے۔ اس کے علاوہ دیر اپر کے مقام پر ایک ووکیشنل سنٹر قائم کیا گیا تھا جو کہ کرایہ کے مکان میں چل رہا تھا۔ مذکورہ سینٹر میں طلباء کی کم انرولمنٹ کی وجہ سے وزیر اعلیٰ صاحب کی ہدایت کے مطابق مورخہ 2014-04-07ء کو بند کر دیا گیا تھا۔ یہ وضاحت بھی کی جاتی ہے کہ پورے صوبے میں طلباء کی کم انرولمنٹ کی وجہ سے دس ووکیشنل سینٹرز بند کئے جا چکے ہیں جن میں دیر اپر کا ووکیشنل سینٹر بھی

شامل ہے۔ PK-92 میں کسی فنی ادارے کے قیام کے بارے میں ٹیوٹا بورڈ کو آگاہ کیا جائے گا اور اس کے فیصلے کے مطابق مزید عمل درآمد کیا جائے گا۔

3568 _ مولانا مفتی فضل غفور: کیا وزیر معدنیات ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ مالی سال 15-2014ء کے دوران ماربل رائلٹی کی شرح میں اضافہ کیا گیا تھا اور یہ بھی بتایا جائے کہ پہلے سے ٹینڈر شدہ رائلٹی رقم کی مد میں اضافے کے باعث ٹھیکیدار کو ملی؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ رائلٹی کا کچھ فیصد حصہ پیداواری علاقہ کی تعمیر و ترقی کیلئے استعمال ہوتا ہے؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو اضافہ سے پہلے ہر ضلع کی رائلٹی کی مد میں کتنی رقم تھی اور اضافہ کے بعد ہر ضلع میں اضافہ کے ساتھ کتنی وصولی ہوئی، تفصیل فراہم کی جائے؟

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی (وزیر معدنیات): (الف) جی ہاں، مالی سال 15-2014ء کے دوران رائلٹی کی شرح میں اضافہ کیا گیا تھا، ماربل رائلٹی 90 روپے فی ٹن تھی (نوٹیفیکیشن کاپی ایوان کو فراہم کی گئی) بعدازاں صوبائی حکومت نے ماربل رائلٹی میں کمی کر کے ساٹھ روپے کر دی (نوٹیفیکیشن مورخہ 12 دسمبر 2014ء (کاپی ایوان کو فراہم کی گئی)۔ ٹینڈر شدہ رائلٹی کی اضافی رقم ٹھیکہ میں نہیں تھی، البتہ آکشن نوٹس مورخہ 15-2014 میں واضح ہے کہ اگر مرکزی یا صوبائی حکومت کی طرف سے کوئی ٹیکس لاگو کیا گیا یا رائلٹی ریٹس زیادہ کئے گئے تو ٹھیکیدار اضافی وصول شدہ رقم کی ادائیگی کا پابند ہو گا۔ (اخباری اشتہار روزنامہ "آج" کی کاپی بھی ایوان کو فراہم کی گئی)۔

(ب) محکمہ معدنیات خیبر پختونخوا، رائلٹی وصول کرتا ہے اور یہ رقم سرکاری خزانے میں جمع ہوتی ہے جبکہ اس رقم سے علاقہ کی ترقی کیلئے کوئی خاص شرح متعین نہیں ہے۔

(ج) رائلٹی ہر سال چھ ڈویژن کی سطح پر نیلام کی جاتی ہے جس میں مردان، ہزارہ، ملاکنڈ ڈویژن، پشاور، کوہاٹ اور ڈیرہ اسماعیل خان/لکی مروت شامل ہیں۔ رائلٹی کی اصل نیلامی کی رقم اور اضافی رقم مندرجہ ذیل ہے:

نمبر شمار	ڈویژن	کل رقم	اصل رقم	اضافی رقم

1	مردان	74601936	29060440	45541496
2	ہزارہ	13,11,60,926	4,55,41,496	8,56,19,430
3	ملاکنڈ	11,27,05,321	6,31,90,999	4,95,14,322
4	پشاور	4,88,01,189	1,90,09,999	2,97,91,190
5	کوہاٹ	3,01,11,111	3,01,11,111	اضافی رقم سے نیلام تھا
6	ڈی آئی خان	4,44,60,800	1,52,11,000	2,92,49,800

صوبائی حکومت نے مورخہ 30-06-2014ء کو رائلٹی ریٹس میں اضافے کا اعلامیہ جاری کیا جبکہ مالی سال 2014-15ء کی رائلٹی کی نیلامی مورخہ 28-05-2014ء اور مورخہ 29-12-2014ء کو ہو چکی تھی۔ ڈائریکٹوریٹ جنرل مائنز اینڈ منرل کو رائلٹی ریٹس بڑھانے کا اعلامیہ مورخہ 15-07-2014ء کو موصول ہوا اور اس ضمن میں رائلٹی ریٹس نوٹیفیکیشن مورخہ 18-07-2014ء کو جاری کر دیا جس کے بعد مطیع اللہ خان نے رٹ نمبر 476-D/2014 پشاور ہائی کورٹ، ڈیرہ اسماعیل خان بنچ میں دائر کر دی اور اسی طرح فرنٹیئر مائنز اونرز ایسوسی ایشن نے رٹ نمبر 614-P/2015 اور مظفر حسین رائلٹی ٹھیکیدار ملاکنڈ ڈویژن نے بھی رٹ نمبر 72/2015 پشاور ہائی کورٹ پشاور میں دائر کر دی۔ مذکورہ کیسوں کی سماعت مورخہ 01/06/2016 کو عدالت عالیہ میں ہو چکی ہے اور فیصلہ محکمہ کے حق میں صادر کر دیا گیا ہے۔ فیصلہ کی روشنی میں متعلقہ ٹھیکیداروں سے بقایاجات کی وصولی کی جارہی ہے۔

Mr .Speaker: Next, item No.6, 'Adjournment Motions': Mufti Said Janan, please.

تحریک التواء

مفتی سید جانان: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جناب سپیکر صاحب، ایوان کی کارروائی روک کر مجھے ایک اہم نوعیت کے مسئلے پر بات کرنے کی اجازت دی جائے، وہ یہ کہ جنوبی اضلاع جو کہ قدرتی ذخائر سے مالامال ہیں جیسا کہ گیس، تیل وغیرہ مگر ان ذخائر کے بے دریغ استعمال اور گیس کی تقسیم و دیگر متعدد امور کے متعلق وہاں کے عوام میں دن بدن محرومیاں پیدا ہو رہی ہیں، لہذا اس تحریک کو مزید بحث کیلئے ایوان میں منظور کیا جائے۔

جناب سپیکر صاحب، غالباً چې جنوبي اضلاع څومره ممبران دی، دا خو به ان شاء الله د دوئ د زړونو آواز وی۔ سپیکر صاحب، دغه اسمبلئ کښې ما څو ځله دا خبره کړې ده چې یو وخت کښې صوابئ ضلع او پیښور ضلع او ملاکنډ دا د دې صوبې محسن ضلعې وې، دغو د خپلو مشرانو قبرونه اوبو کښې ډوب کړی وو خو دغې صوبې ته ئې روشنائی ورکړې وه۔ اوس جناب سپیکر صاحب، هنګو، کرک او کوهاټ دا درې ضلعې داسې ضلعې دی چې دا ملک ته او دغې صوبې ته اربونه روپۍ یومیه آمدن ورکوی خو بدنصیبی دا ده چې هلته څه د دغه محکمو خپل داسې کارکردګی پاتې شوې ده او څه د هغه خلقو د ناپوهئ د وجې نه واړو واړو مسئلو باندې هغه کارونه بند شی چې هغې باندې د دغه ملک هم بدنامی کیږی او دغه د صوبې بدنامی کیږی او د ګیس کمپنئ زړونو کښې بدګمانی هم پهیلاویږی، لازمه خبره ده یو سړے کروړونه او اربونه ډالرې اولګوی او بیا په وړو وړو خبرو باندې هغه کاروبار بندیږی۔ جناب سپیکر صاحب، ایم ډی ګیس کمپنی والا مخکښې ورځې یو بیان ورکړے وو هنګو کښې، منزلې تهری په نوم باندې غالباً یا داسې بل څه نوم دے، هغه نوم باندې یو د ګیس او د تیلو کوهے دریافت شوے وو، هغه متعلق د هغې دا بیان وو چې دا څومره ایشیاء ملکونه دی او هغې کښې دا هغې لوئې کوهیانو کښې دا کوهے شمار دے خو تقریباً تقریباً یوې میاشتې نه زیات وخت اوشو، هلته کښې کاروبار بند دے، هغه کمپنئ دا کوشش کوی چې مطلب دې چې مونږ د دې ځائې نه لاړشو، نو زما به تاسو ته دا ګزارش وی، درخواست به هم وی چې دا تاسو خپلې سربراهئ کښې دې ته یوه کمیټی جوړه کړئ، د خلقو خبرې هم واورئ، د ګیس کمپنئ والو خبره هم واورئ چې د دې یو مستقل حل راوځی۔ هغوی عاجزآنو ته تکلیف وی چې هغه تکلیف د هغوی لرې شی او د جنوبي اضلاع د خلقو مطلب دا دے چې کومې محرومیانې وی، هغه محرومیانې هم لرې شی او جناب سپیکر صاحب! دویمه خبره ده، آئل ریفائنری دا کوهاټ کښې جوړیدله او د کوهاټ او د کرک خپل مینځ کښې جهګړه ده، د هنګو جهګړه ده، په وړو وړو خبرو باندې، دا د هغې صوبې مستقبل دے، دا مطلب روان دی نورو صوبو ته منتقل کیږی، نو زما به تاسو ته درخواست وی چې کمیټی جوړه کړئ خو

چې زر تر زره احکامات جاري کړي، خپلې سربراهئ کښې چې څوک ممبران تاسو غواړئ چې هغه مطلب دا دے چې د هغه ضلعو او د خلقو مسائل هم تاسو ته بيان کړي او گيس او د'مول' کمپنئ والا خبرې هم واؤرئ او يو مشترک حل ئې راوځي جناب سپيکر۔

جناب سپیکر: لاء منسٹر، پلیز۔

جناب امتیاز شاہد (وزیر قانون): جناب سپیکر، بالکل، بہتر یہی ہے کہ جنوبی اضلاع کے تمام ایم پی ایز صاحبان اور دیگر ایم پی ایز صاحبان ایک ہو کر آپ کی سربراہی میں ایک کمیٹی تشکیل دی جائے اور بہتر یہی ہے کہ او جی ڈی سی اور ملک کے جتنے بھی ذمہ داران ہیں، ان کو بھی طلب کیا جائے اور بیٹھ کر پھر اس پہ جتنے بھی مسائل ہیں، ان پہ ڈسکس کیا جائے اور یہ کمیٹی کو چلا جائے۔

جناب سپیکر: بالکل، اس کے حوالے سے میں خود ان شاءاللہ ایک کمیٹی چیئر کروں گا اور جنوبی اضلاع کے ایم پی ایز، ایم این ایز اور ڈسٹرکٹ ناظمین، ان کو بلا لیں گے اور اس کے اوپر ایک Consensus build کریں گے کیونکہ یہ ہمارے پاس سونے کی چڑیا ہے، اس وقت جنوبی اضلاع جو ہنگو میں اور کرک میں اور کوہاٹ میں جو اس وقت تیل کے ذخائر ہیں، گیس کے ذخائر ہیں، ان کو جتنا ممکن ہو Explore کیا جائے۔ تو میں خود اس کمیٹی کو چیئر کروں گا اور اس میں جو کنسرنڈ منسٹر ہیں، ان کو بھی اس کا نمائندہ بناؤں گا۔

مفتی سید جانان: جلد از جلد میٹنگ بلائی جائے۔

جناب سپیکر: پندرہ دن کے اندر اندر ہم اس کی میٹنگ بلا لیں گے ان شاءاللہ۔ نیکسٹ، سردار اورنگزیب نلوٹھا صاحب، پلیز آئٹم نمبر 7۔

توجہ دلاؤ نوٹس ہا

سردار اورنگزیب نلوٹھا: شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ میں وزیر برائے محکمہ ایریگیشن کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں اور وہ یہ کہ سمال ڈیم کھیالہ گوڑہ ایبٹ آباد کے مقام پر منظور ہوا تھا جو کہ محکمہ آبپاشی کے زیر کنٹرول ہے لیکن ابھی تک کسی بھی مالک زمین کو معاوضہ کی ادائیگی نہیں ہوئی۔ حکومت نے پھلدار اور قیمتی عمارتی لکڑی کے درختوں کو بھی کاٹ دیا جس کا تخمینہ بھی لگایا گیا لیکن عملی طور پر کوئی پیش رفت نہیں ہوئی، اراضی مالکان نے کئی بار کام رکوانے کی کوشش کی۔ بحیثیت رکن صوبائی اسمبلی میں

معاوضے کی ادائیگی کی یقین دہانی کرواتا رہااور کام کو دوبارہ شروع کروایا گیا۔اب میری پوزیشن بھی عوام کے سامنے کمزور ہو چکی ہے، لہذا میری گزارش ہے کہ صوبائی حکومت مالکان اراضی کو موجودہ ریٹ کے مطابق جلد از جلد معاوضے کی ادائیگی یقینی بنائے۔

جناب سپیکر صاحب، جناب سپیکر صاحب، میں آپ کی توجہ چاہوں گا، اس ڈیم میں، اس گاؤں کے جو مقامی لوگ ہیں، ان کی بہت سی زمین گورنمنٹ نے Acquire کی ہے اور اس میں جو قیمتی لکڑی کے درخت تھے یا پھلدار درخت تھے، وہ بھی ضائع ہوئے ہیں اور اس کیلئے حکومت نے کئی دفعہ اس کی Assessment کروائی درختوں کی بھی اور زمین کے حوالے سے بھی انہوں نے جو کیس تیار کیا، اس کا سیکشن فور ہوا، قانونی پراسیس تمام مکمل ہے۔ ابھی ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے کمشنر صاحب اور ڈی سی صاحب کے پاس سے پیسے ٹرانسفر ہو گئے ہیں لیکن کئی ماہ گزرنے کے باوجود بار بار ان لوگوں کو وہاں پہ بلایا جاتا ہے اور میں بھی کتنی دفعہ خود بھی گیا ہوں لیکن ابھی تک انہیں معاوضہ نہیں مل سکا۔ جناب سپیکر صاحب، اتنی بڑی سکیم ہے اور لوگوں نے دو تین دفعہ وہاں پر کام روکنے کی کوشش کی ہے، احتجاج بھی کیا اور میں نے خود جا کر ذمہ داری اٹھائی کہ میں ایک مہینے کے اندر اندر ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے جو مجھے کہا گیا، میں نے وعدے بھی کئے۔ اب چونکہ وہ کام بالکل، تقریباً ستر فیصد یا ساٹھ فیصد اس کے اوپر کام مکمل ہو چکا ہے لیکن ابھی تک لوگوں کو معاوضہ نہیں ملا تو میں منسٹر صاحب سے یہ گزارش کروں گا کہ فی الفور وہاں کے لوگوں کو معاوضہ دیا جائے، ایک بہت بڑا پراجیکٹ جو صحت کے حوالے سے اور آبپاشی کے حوالے سے بننے جا رہا ہے اور اس میں کوئی روکاوٹ نہ ہو، اور دوسری میری گزارش ہے منسٹر صاحب سے کہ جو محکمے نے اس کی فزیبلٹی رپورٹ تیار کی تھی اور اس میں جو ڈیزائننگ کی تھی، اس میں اس گاؤں کا رابطہ ڈیم کی وجہ سے دوسرے علاقوں سے کٹ گیا تھا اور کھیالہ گاؤں کیلئے لنک روڈ اور پھر ترکھانہ میرہ ایک محلہ ہے، اس کا لنک روڈ اس میں موجود تھا جس پر ابھی تک کام شروع نہیں ہوا اور ساتھ ہی اسی ڈیم کا ایک محلہ ہے، کو ٹھیرہ محلہ، جہاں پہ بالکل ریتلی زمین ہے اور اگر وہاں پہ Retaining wall نہ لگائی گئی تو وہ پورا محلہ اس ڈیم میں بہہ جائے گا، تو میں منسٹر صاحب سے یہ گزارش کروں گا کہ یہ جو لنک روڈ کے مسائل ہیں، Retaining

wall کے اور ساتھ ہی اس کی Payment کو فوری طور پہ یقینی بنایا جائے تاکہ اتنا بڑا کام جو ہے، اس میں کوئی روکاوٹ نہ ہو۔

جناب سپیکر: سکندر خان، پلیز۔

جناب سکندر حیات خان {سینیئر وزیر (آبپاشی)}: شکریہ جناب سپیکر، میں آپ کا مشکور ہوں۔ جناب سپیکر، سب سے پہلے تو میں نلوٹھا صاحب کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں کہ انہوں نے اس اہم مسئلے کی طرف اس ہاؤس کی توجہ دلائی اور ساتھ میں اس بات پر بھی ان کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں کہ انہوں نے اس پراجیکٹ کے کامیاب ہونے میں اور پراجیکٹ کے چلنے میں انہوں نے ایک بڑا اہم کردار ادا کیا ہے اور یہ بات ان کی بالکل صحیح ہے کہ وہاں پہ جو لوکل مشکلات تھیں، اس میں انہوں نے محکمے کی بڑی مدد کی ہے اور انہی کی Efforts کی وجہ سے یہ پراجیکٹ جو ہے، اس پہ کام شروع ہے، تو اس پہ پہلے تو میں ان کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں، جناب سپیکر! جہاں تک پراجیکٹ کے معاوضے کی بات ہے، ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے پیسے جو ہیں، وہ ڈپٹی کمشنر کے پاس جمع ہیں اور اس میں تقریباً تین کروڑ 22 لاکھ روپے ڈپٹی کمشنر کے پاس جمع ہیں۔ اس میں پہلا چیک جو ہے وہ 21 مئی 2014ء کو ڈپٹی کمشنر کے پاس داخل ہوا تھا، آخری چیک جو ہے، وہ جون 2016ء کو وہ بھی داخل ہو چکا ہے اور اس میں میرے خیال میں سارے معاوضے کی رقم موجود ہے۔ میں نے آج جب یہ کال اٹینشن نوٹس لگا ہوا تھا تو میں نے ڈپٹی کمشنر سے بھی رابطہ کیا ہے اور ان کو بھی یہ کہا ہے کہ وہ ذرا اس کو Expedite کریں۔ جہاں تک لنک روڈز کی بات ہے تو یہ میں ان کو یقین دہانی کرانا چاہتا ہوں کہ جو لنک روڈز پی سی ون میں موجود ہیں، جو Retaining wall پی سی ون میں موجود ہے، اس کے اوپر ان شاء اللہ جلد کام شروع ہو جائے گا، بلکہ میں یہاں سے، ڈی جی سمال ڈیمز بھی موجود ہیں، ان کو یہ ہدایت کرتا ہوں کہ وہ اس کو مانیٹر کریں اور Within one week لنک روڈز کے اوپر کام شروع کرا دیں تاکہ وہاں کے لوگ محسوس کریں کہ واقعی ہم اس پراجیکٹ میں سنجیدہ ہیں اور اس پراجیکٹ کی اپنی اہمیت ہے اور ہم چاہتے ہیں کہ جتنا جلد ہو سکے، یہ پراجیکٹ جو ہے وہ مکمل ہو سکے تاکہ اس سے لوگ مستفید ہو سکیں۔

جناب سپیکر: اوکے جی۔ نیکسٹ، شاہ حسین صاحب پلیز، مسٹر شاہ حسین۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جناب سپیکر! سکندر خان صاحب کا میں شکریہ ادا کرتا ہوں اور جناب سپیکر صاحب، یہ 12-2011ء میں یہ سکیم شروع ہوئی تھی اور ایک ارب روپے سے زیادہ کی یہ سکیم ہے لیکن سپیکر صاحب، میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ تبدیلی والی گورنمنٹ کا کیا فائدہ ہے کہ اتنے عرصے سے لوگ رل رہے ہیں؟ ڈی سی کے پاس پیسے پڑے ہوئے ہیں، کیا تبدیلی آئی ہے، کیوں نہیں لوگوں کو پیسے ملے ہیں، کیوں دربدر کی ٹھوکریں؟ سوا ارب روپے کی سکیم میں بار بار رکاوٹیں اور یہ میں سمجھتا ہوں کہ اس کے اوپر منسٹر صاحب نے جو نوٹس لیا ہے، اس کا میں شکریہ ادا کرتا ہوں۔

جناب سپیکر: سکندر خان نے ایشورنس دی ہے، بہر حال، جی سکندر خان۔

وزیر آبپاشی: یہ کام بہت جلد شروع کرائیں گے، سر۔

جناب سپیکر: شاہ حسین صاحب، پلیز۔

جناب شاہ حسین خان: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ شکریہ جناب سپیکر۔ میں وزیر برائے ہاؤسنگ کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں، وہ یہ کہ جلوزئی کے مقام پر صوبائی حکومت نے ہاؤسنگ سکیم شروع کی ہے جس کے پلاٹس کی تمام اقساط اکثر و بیشتر افراد نے ادا کر دی ہیں لیکن ابھی تک انہیں اپنے پلاٹس کا قبضہ نہیں دیا گیا، لہذا حکومت ان افراد کو قبضہ دلائے۔ شکریہ۔

سپیکر صاحب! دا دیکبنې اکثر خلقو خپلې پیسې ورکړې دی که یو کس نیم پاتې وی او ډیر زیات تګ و دو ما کړے دے، کوششونه ما کړی دی خو اوسه پورې دوئ ته قبضه نه ده ملاؤ شوې، که حکومت مهربانی اوکړی او دوئ ته قبضه ورکړی نو ډیره مهربانی به وی۔

جناب سپیکر: مسٹر عنایت خان! یہ لوکل گورنمنٹ کا ہے، جی جی، یہ آپ کے ساتھ Related ہے۔

جناب عنایت اللہ {سینیئر وزیر (بلدیات)}: آپ دوبارہ پڑھیں۔

جناب شاہ حسین خان: بیا اووایم؟

سینیئر وزیر (بلدیات): جی جی۔

جناب شاہ حسین خان: میں آپ کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں، وہ یہ کہ جلوزئی کے مقام پر صوبائی حکومت نے ہاؤسنگ سکیم شروع کی ہے جس کے پلاٹس کی تمام اقساط اکثر و بیشتر افراد نے

ادا کر دی ہیں لیکن ابھی تک انہیں اپنے پلاٹس کا قبضہ نہیں دیا گیا، لہذا حکومت ان افراد کو قبضہ دلائے، شکریہ۔

جناب سپیکر: جی عنایت خان۔

سینئر وزیر (بلدیات): جناب سپیکرا! Basically جلوزئی والا سکیم هاؤسنگ ډیپارټمنت سکیم دے ، لوکل ګورنمنټ سکیم نه دے او دغه خو دې وخت کښې نشته دے ، زمونږ د هاؤسنګ ایډوائزر نشته دے خو بهرحال دا د دوئ خبره ټهیک ده چې هغې کښې پرابلمز او دغه خو موجود دی خو دې دواړو سکیمونو باندې هاؤسنګ ډیپارټمنت زما د معلوماتو او د علم مطابق لګیا دے کار پرې کوی۔ بهرحال زه به دا یو Attempt اوکړم چې د هاؤسنګ چې کوم ډی جی هاوسنګ دے ، هغوی به شاه حسین خان سره لکه ډائریکټ کړم، دوئ سره به رابطه اوکړی او د دوئ چې کوم تجاویز دی، مشوره ئے ده، په هغې باندې به دغه اوکړی او که نه وه خیر دے دوباره بیاهم لکه اسمبلئی کښې بیا دوئ خبره اوچتولے شی۔

ثمر باغ ضلع دیر لوئر کے اندوہناک واقعہ پر وضاحت طلبی

جناب سپیکر: اچھاایک ریزولیوشن میرے پاس آئی ہے،اگرچہ محترمہ عظمیٰ خان نہیں ہیں لیکن میں ایک کوئسچن پوچھنا چاہتا ہوں، جو دیر سے تعلق رکھنے والے، جو ہمارے دیر سے تعلق رکھنے والے منسٹر صاحبان ہیں،ایم پی ایز صاحبان ہیں کہ یہ بہت ہی افسوسناک واقعہ ہے کہ اگر اس قسم کی ریزولیوشن آئی ہے۔

فروری 2016ء کو ضلع دیر لوئر کے علاقے ثمر باغ سورہ غونڈئی میں اٹھارہ سالہ صبا گل دختر شاہ جہان کو چھری سے ذبح کیا گیا مگر تاحال اس کی تفتیش میں پیش رفت نہیں ہوئی، لواحقین کا کہنا ہے کہ کچھ بااثر لوگ ملزمان کو بچانے کی کوشش کر رہے ہیں (مداخلت) نہیں، نہیں میں اس کی بات سامنے کرنا چاہتا ہوں، میں ریزولیوشن پاس نہیں کرنا چاہتا، میں ان ایم پی ایز اور منسٹر سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ اس میں کیا کردار ہے؟ مطلب ہے کہ ایک بچی کو اگر اس طرح ذبح کیا جاتا ہے، اس کی کیا پوزیشن ہے؟ عنایت خان صاحب، پلیز۔

جناب عنایت اللہ {(سینیئر وزیر (بلدیات)}: سر، سچی بات یہ ہے کہ مجھے اس واقعے کی تفصیل معلوم نہیں ہے اور چونکہ ایوان میں بات آئی ہے، جب تک میں تفصیلات Collect نہیں کرتا تو میں کوئی ایسی بات نہیں کر سکتا کہ ایوان کو میں غلط وہ کروں، ذبح ہوئی ہے تو بہت یعنی (قطع کلامی)

جناب سپیکر: اس علاقے کا ایم پی اے کون ہے؟

سینیئر وزیر (بلدیات): افکاری صاحب ہیں، ان کو اگر اجازت دیں تو وہ بات کریں گے۔

جناب سپیکر: میں تھوڑا سا ان سے وضاحت لینا چاہتا ہوں اور چاہتا ہوں کہ اس کے اوپر پریشر، ثمر باغ آپ کا علاقہ ہے؟

جناب اعزاز الملک: اؤ جی۔

جناب سپیکر: اعزاز الملک افکاری صاحب، پلیز، اعزاز الملک افکاری۔

جناب اعزاز الملک: جناب سپیکر! دا د هغې خاندانی چپقلش په وجه باندې وو، دا دغه سره غونډئ په دې کور کښې واده وه او خپلو بنوابنیانو او د هغې چې کوم زوم دے، د هغوی د لاسه دا ماشومه قتل شوې وه. بیا فوری په هغې کښې انتظامیې ایکشن اخستے دے او چې څومره ملزمان په هغې کښې چارج وو، هغه ټول نن په جیل کښې پراته دی. د علاقې هیڅوک د دې سرپرستی نه کوی، هغوی د قانون سره مخامخ شوی دی او د هغوی کیس چونکه اوس په کورټ کښې دے، ظاهره خبره ده چې سزا به ورله کورټ ورکوی، د دې وجې نه نور پکښې خاموشی ده او په هغې باندې ایکشن اخستے شوے دے، انتظامیې خپل کار کړے دے په هغې کښې۔

جناب سپیکر: جی، بخت بیدار صاحب۔ یہ چونکہ کل ایجنڈے پہ ہے اور مجھے تھوڑا اس کے بارے میں آپ ڈی پی او سے عنایت خان رابطہ کریں، کل اس کی پوری رپورٹ لیکر آئیں کہ اس کی کیا پراگریس ہے؟ کل اسمبلی میں پیش کریں، جی جی بخت بیدار خان۔

جناب بخت بیدار: جناب سپیکر صاحب! ډیره زیاته مهربانی۔ ښنګه چې تاسو په دیکښې پخپله تحریک التواء د بل چا وه او تاسو داد مخې ته روړه، دا زمونږ د دیر په عوامو باندې او په دې ټوله صوبه باندې ستاسو احسان دے، دغه تسلسل

کېنې زما حلقه کښې هم د روژې په میاشت باندې د څلورو کالو ماشوم حلال شوے دے او د هغې تر اوسه پورې، او د روځې حلال شوے دے، دا پته اونه لګیده او تهانه چکدره کښې، دا پته اونه لګیده چې یره دا ماشوم چا حلال کړے وو، دې سره څه وو، بار بار ما د متعلقه عملې سره، ډی پی او سره، ډی ایس پی سره، دې ټولو سره رابطه کړې ده، میډیا کښې او پرنټ میډیا او الیکټرانک میډیا دا خبر راخستے دے خو تر اوسه پورې که لږه مهربانی اوکړی-----

جناب سپیکر: بخت بیدار صاحب! تاسو کال اټینشن راوړئ، زه به Immediately کال اټینشن واخلم په دے باندې، ته ما ته Submit کړه، سیکرټریټ کښې کال اټینشن Submit کړه- جی جی، عنایت خان-

جناب عنایت اللہ {سینیئر وزیر (بلدیات)}: سپیکر صاحب! بالکل آپ نے درست کہا ہے کہ اس پہ اگر کوئی Written وہ آجائے تو آج ہم پولیس سے اس واقعے کی پوری پراگریس لیں گے کیونکہ یہ جو جندول والا واقعہ تھا جس طرح میں نے بتایا کہ میرے پاس پوری معلومات نہیں ہیں اور میں ایوان کو غلط انفارمیشن نہیں دے سکتا، تو بہتر تھا کہ ہمارے متعلقہ ایم پی اے صاحب موجود تھے اور ان کے پاس معلومات تھیں، بہر حال میں ڈی پی او لوئر دیر سے ان دونوں واقعات کے حوالے سے پوری معلومات اکٹھی کر کے ایوان کو بریف کروں گا۔ اس کے ساتھ ساتھ میں آپ کے توسط سے ایوان سے یہ گزارش کروں گا کہ اے جی این قاضی کا نام ہم سب جانتے ہیں اور آج مجھے ایک صحافی بھائی نے کہا کہ 'ڈان' او 'دی نیوز' کے اندر خبر ہے کہ ان کی ڈیتھ ہو گئی ہے، میرے خیال میں وہ چونکہ چھوٹے صوبوں کے محسن تھے اور جس طرح نیٹ ہائیڈل پرافٹ کی مد میں ہمیں پیسے ملتے ہیں، یہ اسی کمیشن کے چیئرمین تھے اور انہوں نے جو فیصلے کئے ہیں، اس کے چھوٹے صوبوں کے اوپر بڑے اچھے اثرات ہیں اور آج بھی ہمیں اور پچھلی گورنمنٹ کے اندر بھی اس کا فائدہ ملا، اس حکومت کے اندر بھی ہمیں مطلب اسی کے بقایاجات مل رہے ہیں۔ جو Un-capping کا ہمارا ایشو تھا، یہ انہوں نے ہی Address کیا، تو سچی بات یہ ہے کہ لوگ تو کہتے ہیں کہ Exactly اگر اے جی این قاضی فارمولے کے مطابق Calculation ہو گی تو اس وقت مرکز ہمیں کوئی 68 to70 بلین روپے سالانہ یہ ہمارا نیٹ ہائیڈل پرافٹ بنتا ہے، یعنی Exactly اگر اس کے مطابق Calculation ہو گی۔ ظاہر ہے اس وقت ہم اس بات پہ اطمینان محسوس کرتے ہیں کہ فیڈرل گورنمنٹ نے کم از کم Un-

capping کر دی ہے اور ہمارے ساتھ Promise کیا ہے کہ اس سال سے ہمیں اٹھارہ ارب روپے ملیں گے تو اس لئے میں چاہتا ہوں کہ ان کو Tribute بھی پیش کیا جائے اور ان کیلئے دعا بھی کی جائے، چونکہ انہوں نے ایک اچھا ہمارے اس صوبے کے اوپر اور چھوٹے صوبوں کے اوپر احسان کیا ہے۔

جناب سپیکر: حبیب الرحمان صاحب! اس کیلئے دعا کریں۔

(اس مرحلہ پر دعائے مغفرت کی گئی)

جناب سپیکر: صاحبزادہ ثناءاللہ۔

صاحبزادہ ثناء اللہ: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ شکریه جناب سپیکر۔ زه د دې معزز ایوان توجه یو خبرې ته راګرځول غواړم او هغه دا چې په ملاکنډ ډویژن کښې چونکه موسم اوس د ګرمئ ختمیدونکے دے او ژمے راروان دے، زمونږ چې څومره ترقیاتی کارونه وو جی، هغه په ټپو اودریدل، فنډ نشته دے، مونږ بار بار رابطې کوؤ، بار بار ویناګانې کوؤ خو خبر نه یم چې د څه د لاسه دا فنډونه بند دی، ولې دې ضلعو ته فنډونه نه ملاویږی؟ ځکه چې د دسمبر د میاشتې نه جناب سپیکر! د دسمبر نه بیا د اپریل پورې زمونږ په دغه علاقو کښې کارونه نشی کیدے، نو زما دا درخواست دے چې مهربانی اوکړی او دا فنډونه څومره زر کیدے شی چې دا ریلیز کړے شی خو زما جی په دیکښې یو درخواست بل هم دے جناب سپیکر صاحب! په مثال باندې یو سکیم بنایم چې یو په هغې کښې پل دے د اووه شپیتو کروړو روپو یو سکیم دے او یو روډ دے چې د ساونړئ روډ په نوم یادیږی، چونکه هغه خود وزیر بلدیات صاحب حلقه ده خود هغې سره زما یو پل دے چې هغه زما په حلقه کښې دے نو د دې کال د پاره په هغې کښې یو کروړ روپئ فنډ ایښودے شوے دے، جناب سپیکر! دغه شان یو کروړ روپئ اووه شپیتو کروړ روپو کښې ملاویږی نو زما خیال دے چې دا منصوبه د اووه شپیتو کالو ده، په اووه شپیتو کالو کښې به دا سکیم مکمل کیږی نو جی، زما دا درخواست دے چې دا کوم فنډونه ایښخودي شوی دی، مونږ وایو چې مونږ ته خو په بجټ تقریر کښې دا خبره کیده په بجټ کښې دا وئیلې کیدل چې چونکه دا صوبه د نوی سکیمونو متحمل کیدے نشی، نوی سکیمونه مونږ ځکه نشو کیښودے چې مونږ سره د پیسو بحران دے نو هغې وخت مونږه وئیل چې څه

ټهیک ده خو وروستو په دې بجټ کښې ډیر څه مونږ اولیدل، خو جناب سپیکر صاحب! نوی سکیمونه خو خیر درکنار خو هغه د زړو سکیمونو د مکمل کیدو د پاره د حکومت سره څه سوچ دے او څه فکر دے؟ نو زما جی دا درخواست دے چې منسټر صاحب دې د دې خبرې وضاحت اوکړی چې دا فنډونه ولې نه ورکړے کیږی، د دې وجه څه ده؟ او جناب سپیکر صاحب! دا فنډونه دا که مونږ ته په دې میاشت کښې ملاؤ نه شول، دا کارونه زمونږ بند شو، اوسه پورې ګورې جی کارونه زمونږ لا روان شوی نه دی، نو زما دا خیال دے چې اخوا، د دې میاشتې نه اخوا بیا نور کارونه نشی کیدے۔ شکریه۔

جناب سپیکر: منسٹر فنانس، منسٹر فنانس، پلیز، مظفر سید صاحب۔

جناب مظفر سید (وزیر خزانہ): بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ شکریه جناب سپیکر صاحب۔ صاحبزاده ثناء الله صاحب چې کومه نکته اوچته کړه، Valid ضروری ده او دا چې اوس په دې وخت کښې اے ډی پی بک هغه هم راغے، یوه خبره خو دا ده چې زما د دې خبرې سره اتفاق دے چې په ملاکنډ ډویژن کښې خصوصاً په دې وخت کښې موسم نسبتاً ټهیک دے او بیا د نومبر دسمبر نه اخوا موسم نو دا ټهیک خبره ده خو چې هلته پچیس پرسنټ ریلیزز شوی دی او هغه هم ډیر کم دی نو هغه پچس پرسنټ ریلیزز باندې دا منصوبه سټارټ کیږی هم نه، دا ټهیک خبره ده، ما اے ډی پی لږه ډیره کتلې ده، دیکښې خو خیر د P&D Recommendations دی، د هغې خپل دغه دی، د فنانس خپل، کومه حده پورې چې ریلیزز خبره ده نو په فلور آف دی هاؤس زه اعلان کومه چې ریلیزز دې ففتی پرسنټ Ensure شی، پچیس پرسنټ ریلیزز نه، د نن به ان شاء الله مونږه په دې باندې خپل میټنګ اوکړو خو زه اسمبلئ ستاسو په Behalf باندې زه Surety ورکومه چې ان شاء الله مونږ به دا ففتی پرسنټ ریلیزز دغه کړو۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: شکریہ جی۔

وزیر خزانہ: دویمه دا چې پی اینډ ډی او فنانس د هغوی خپل Role دے خو آل ایډمنسټریټیو سیکرټریز، هغوی ته هم مونږ دا چونکه د ریلیزز کښې بیا وروستو د Re-appropriation اختیار هم هغوی ته دے او فنانس یکمشت سی اینډ ډبلیو

ته، یا ایجوکیشن ته یعنی ټول ډیپارټمنټس بیا هغه ډیپارټمنټس Further بیا ریلیزز هغه سکیمونو ته کوی، هغه سکیمونو کښې زما Reservations دی او ما ته اندازه ده چې په هغې کښې، هغه به هم هغوی ته زه د دې ځائې نه ستاسو په Behalf باندې چې هغوی دې بالکل انصاف نه شروع اوکړی، دا نه چې هغه خپل یو کس ته یا یو حلقې ته دومره او بل ته نه، مونږ به دلته بالکل Equality او د برابرئ په بنیاد باندې به خبره کوؤ، هغه رپورټ به هم زه د هغوی نه اخلمه خو د دوئ پوائنټ ټهیک دے، ریلیزز دې ففټی پرسنټ، دا به بالکل Ensure کوؤ، دا به هغوی ته ورکوؤ او په نیکسټ زه به د هغوی نه رپورټ واخلم او بیا به هغه رپورټ ان شاء الله تاسو ته دلته زه پیش کوم هم۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: اسمبلئ کښې تاسو بیا Proper۔۔۔۔

<u>وزیر خزانہ</u>: په دیکښې به دې هیڅ Negligence نه مونږه کار نور نه اخلو۔

<u>جناب سپیکر</u>: تاسو دا رپورټ بیا Within ten days دې اسمبلئ کښې پیش کړئ، اوکے جی۔ ثناء الله صاحب۔

<u>صاحبزادہ ثناءاللہ</u>: ټهیک ده جی۔

ہنگامی مسودہ قانون بابت خیبر پختونخوا انڈسٹریل اسٹیٹ/اکنامک زونز مجریہ 2016 کا پیش کیا جانا

<u>Mr. Speaker</u>: Item No.8, Minister for Law, please.

<u>Mr. Imtiaz Shahid(Minister for Law)</u>:بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ Mr. Speaker Sir, I, on behalf of the honourable Chief Minister, lay the Khyber Pakhtunkhwa, Takingover of the Industrial State or Economic Zones Ordinance, 2016, in the House.

<u>Mr. Speaker</u>: It stands laid. Item No. 9, honourable Minister for Law, please, item No. 9.

مسودہ قانون بابت خیبر پختونخوا ذیابیطس اعلامیہ مجریہ 2016 کا متعارف کرایا جانا

<u>Minister for Law</u>: Mr. Speaker Sir, I, on behalf of the honourable Senior Minister for Health, introduce the Khyber Pakhtunkhwa Tuberculosis Notification Bill, 2016, in the House.

Mr. Speaker: It stands introduced. Item No.11 and 12, honourable Senior Minister for Local Government.

مسودہ قانون (ترمیمی) بابت خیبر پختونخوا مقامی حکومتیں مجریہ 2016 کا زیر غور لایا جانا

Mr. Inayat Ullah {Senior Minister (Local Government)}: Sir, I beg to move that the Khyber Pakhtunkhwa, Local Government (Amendment) Bill, 2016 may be taken into consideration.

Mr. Speaker: The motion before the House is that the Khyber Pakhtunkhwa, Local Government (Amendment) Bill, 2016 may be taken into consideration at once? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Since no amendment has been proposed by any honourable Member in Clause 1 of the Bill, therefore, the question before the House that Clause 1 may stand part of the Bill? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Clause 1 stands part of the Bill. Amendment in Clause 2 of the Bill: Sahibzada Sanaullah.

صاحبزادہ ثناءاللہ: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ شکریہ جناب سپیکر۔ دا کوم امنډمنټ چې دوئ راوړے دے جی-----

جناب سپیکر: پلیز، آپ پہلے وہ Read out کر لیں۔

Sahibzada Sanaullah: The Clause 2 of the Khyber Pakhtunkhwa, Local Government (Amendment) Bill, 2016 may be deleted, please.

جناب سپیکر: مسٹر عنایت!، پلیز۔

جناب عنایت اللہ {سینیئر وزیر (بلدیات)}: جناب سپیکر، دا جی زہ لږ Explain کومہ۔ دا هغه امنډمنټ وو چې کوم دې هاؤس کښې مونږ راوستے وو، چې کوم تحصیل او کومه ضلع دړې ځل په خپل ناظم او نائب ناظم Elect کولو کښې ناکام شی نو هغه به Automatically dissolve کیږی۔ دا مسئله During a course of our different discussion په لوکل ګورنمنټ کمیشن کښې هم رولز آف بزنس باندې

چې کومه High Powered Committee زما مشرئ کښې جوړه شوې وه، په هغه کښې لاء او لوکل گورنمنټ او دا ټول وو او بیا چیف منسټر صاحب مخې ته هم، په دې باندې د لوکل گورنمنټ ډیپارټمنټ نه علاوه د لاء ډیپارټمنټ او ایډوکیټ جنرل دا Opinion راغلے وو چې دا Constitutionally ټهیک نه ده دا خبره ځکه چې یو هاؤس خلقو الیکټ کړو نو هغه ته په دې باندې نشی Deprive کولے چې ته په درې ځل کښې چې دے نو خپل دغه، او دا د لاء ډیپارټمنټ Opinion دا وو چې دا د Constitution د Spirit against دے، دا امنډمنټ او دې وجې نه دا تاسو Reverse کړئ، سبا له به څوک کورټ ته ځی او کورټ ئے Undo کوی، نو هغې نه ښه دا ده چې تاسو دا امنډمنټ چې دے نو Reverse کړی، نو دا هم هغه امنډمنټ دے چې کوم لکه مونږ په هغې کښې راوستے دے چې دا یو هاؤس، که نه الیکټ کیږی نو هغوی Ultimately به په هغې کښې خپله باندې Consensus جوړیږی خو لکه هغه هاؤس Automatically نشی Dissolve کیدے، دا Precedence په صوبائی اسمبلئ او په قومی اسمبلئ کښې هم نشته دے داسې۔

جناب سپیکر: نو ته Agree کوې هغه سره؟

سینئر وزیر (بلدیات): نه جی۔

جناب سپیکر: نه Agree کوې؟

سینئر وزیر (بلدیات): نه، زه تاسو ته لږ Explain کړمه، هغه دا خبره کوی، ثناء الله خان دا خبره کوی چې دا ما کوم امنډمنټ آرډی ننس کښې راوړے دے او هغه کلاز ټو چې کوم کښې دا وو چې درې ځل که یو هاؤس خپل دغه الیکټ نه کړی، هغه به مونږ Reverse کړو، دے وائی چې هغه مه Reverse کوئ، دے دا خبره کوی، زما او د ده دیکښې دا فرق دے۔

جناب سپیکر: جی اوکے، ثناءاللہ صاحب! آپ بتائیں، پھر اس کے بعد منور صاحب۔ جی جی۔

Senior Minister for Local Government: Put it to House.

صاحبزادہ ثناءاللہ: جناب سپیکر! مسئله دا نه ده، خبره دا ده چې دې آرډیننس چې دا دوئ راوړے دے، دیکښې دا وو چې یو ځل، دا د مخصوص تحصیل د پاره جناب سپیکر! کیږی او هغه دا دے چې د واړئ تحصیل داسې یو تحصیل دے

